PR NO 25

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

# Press Release

## وفاقی محتسب کے ڈائریکٹر جنرل کی چکوال میں کھلی کچہری

## وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کیں

چکوال (     ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ میڈیا خالد سیال نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ کونسل ہال چکوال میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور وفاقی اداروں کے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس کے علاوہ صوبائی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ وفاقی محتسب کے ڈائریکٹر جنرل نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے بجلی، نادرا اور پاسپورٹ آفس کے دفاتر کے اچانک دورے بھی کئے اور وہاں موجود کسٹمرز کی شکایات سن کر متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے کھلی کچہری کے بعد ڈپٹی کمشنر چکوال قرۃ العین اور ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن چکوال کے علاوہ پریس کلب چکوال کے صدر اور میڈیا کے نمائندوں سے بھی ملاقاتیں کیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

29 مئی 2024ء